چٹ پٹی چاٹ

273



کہانی اور تصویریں:
رومانہ حُسین

چٹ پٹی چاٹ



DFID Department For International Development

The Book Group
187/2C Block 2 PECHS Karachi. Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: bookgrup@cyber.net.pk

PMSP Punjab

میں ایک مکھّی ہوں۔ ذرا میری کہانی تو سنیں۔

میں اپنی سہیلیوں کے ساتھ کوڑے پر اُڑ اُڑ کر

تھک گئی۔ لیجئے! وہ چاٹ والے بابا آ گئے۔

چاٹ کی مزے مزے کی خوشبو آئی۔ میں نے

سیٹی بجا کر سب کو اُس طرف بلایا۔



واہ! کیا چٹ پٹی چاٹ ہے! بھئی یہ کیا؟

چاٹ والے بابا ہمیں بار بار بھگا دیتے ہیں۔

آہا! آج رشید بھی پیسے لے کر آیا ہے۔

چلو اس کی پلیٹ سے تھوڑا سا چکھتی ہوں۔

اوہو! یہ تو ناراض ہو رہا ہے۔ مار رہا ہے۔

اچھا میں ذرا کیچڑ میں کھیل کر آتی ہوں۔

پھر رشید کے ساتھ

گھر جاؤں گی۔



رشید کو کیا ہوا؟ لگتا ہے طبیعت خراب ہو رہی ہے۔ شاید پیٹ میں درد ہے۔ اوہو! یہ تو رو رہا ہے۔ میں گانا بہت اچھا گاتی ہوں۔ چلو میں اِسے گانا سناتی ہوں۔ بِھن بِھن بِھن بِھن ...



ارے یہ کیا ہوا؟ ہر پانچ منٹ پر رشید
غسل خانے کی طرف کیوں دوڑ رہا ہے؟

امّاں ابّا اب اُسے ضرور ڈاکٹر کے پاس
لے جائیں گے۔



یہ ڈاکٹر صاحب کیسی بُری بُری باتیں
کر رہے ہیں۔ رشید کو سمجھا رہے ہیں کہ
مجھ سے اور میری سہیلیوں سے دور رہا کرے۔
بھئی مجھے یہ باتیں نہیں سُننی۔ میں چلی۔
میں تو رشید سے کل اسکول میں ملوں گی۔



آج تین روز بعد رشید اسکول آیا ہے۔ یہ سائنس

کے استاد سے نہ معلوم کیا باتیں ہو رہی ہیں؟

یہ کیا! یہ تو میرے بچپن کی تصویریں ہیں۔

یہ ان لوگوں کو کہاں سے مل گئیں؟ ہاں ہاں۔

یہ جب میں بالکل مُنّی سی پیاری سی تھی۔

اور یہ جہاں میں پیدا ہوئی اور پلی بڑھی۔





رشید اور دوسرے بچّے میری اتنی
ساری تصویریں اسکول میں کیوں لگا
رہے ہیں؟ ان پر کچھ لکھا بھی تو ہے۔



مجھے لگتا ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی طرح
استاد صاحب نے بھی رشید کو میرے
خلاف کر دیا ہے۔



ارے! یہ چھٹی کے وقت چاٹ والے بابا


سے بچّے کیا باتیں کر رہے ہیں؟

بچّوں نے آج چاٹ بھی نہیں کھائی ...

خیر چلو ہمیں کیا؟

ہم تو مزے سے

چاٹ کھائیں۔



یہ کیا! آج چاٹ
والے بابا نے ٹھیلے پر
بڑی سی جالی لگالی ہے۔
اب میں اور میری سہیلیاں
چاٹ تک کیسے پہنچیں۔
کیا کریں؟ میں تو بھوک
سے مر جاؤں گی!!!



سرگرمیاں

1 ایسی تمام اشیا کی فہرست بنا کر لائیں جو چاٹ والے کے ٹھیلے پر موجود ہوتی ہیں۔

2 کس موسم میں سب سے زیادہ مکھیاں پیدا ہوتیں ہیں اور کیوں؟

3 مکھی کا لائیف سائیکل اپنی کاپیوں میں بنالیں۔ اس سلسلے میں آپ اپنے سائنس کے استاد سے مدد لے سکتے ہیں۔

4 اساتذہ بچوں کو بتائیں کہ وہ محکمہ صحت کو خط لکھیں گے اور اپنے شہر کی گندگی اور اس کو ختم کرنے کے بارے میں اپنی تجویز بھی دیں گے۔ اس سلسلے میں اساتذہ بچوں کی مدد کریں ۔

5 رشید کے پیٹ میں درد کیوں ہوا؟

6 ڈاکٹر صاحب نے رشید کو کس سے دور رہنے کا مشورہ دیا؟

273

ملکیّت حکومتِ پنجاب

چٹ پٹی چاٹ

سکول کے باہر کھلی چٹ پٹی چاٹ دیکھ کر ہر کسی کا دل للچاتا ہے اور ہم میں سے بہت سارے اس کو کھاتے بھی ہوں گے۔ مگر ہم میں سے کتنوں کو معلوم ہے کہ اس چاٹ میں کتنی بیماریاں چھپی بیٹھی ہیں کہ کب ہم انہیں کھائیں اور کب وہ ہمارے جسم میں داخل ہوجائیں!

اس کتاب میں اس حقیقت کی نشاندھی بڑے انوکھے انداز میں کی گئی ہے۔ اِسے پڑھنے کے بعد ہم کھلی چاٹ سوچ سمجھ کر کھائیں گے تاکہ ہم پیٹ کی بہت سی بیماریوں سے محفوظ رہ سکیں۔

DFID Department For International Development

The Book Group
187/2C Block 2 PECHS Karachi. Phone 431-0641, 453-8221
e-mail: bookgrup@cyber.net.pk

MSP Punjab